بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

# اگر نماز قضا ہو جائے تو کیا اس کے بعد اپنا وظیفہ مکمل کر سکتی ہوں؟

**سوال:**

محترمی ومکرمی متکلم اسلام مولانا محمد الیاس گھمن حفظہ اللہ

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ایک وظیفہ میں ہر نماز کے بعد پابندی سے پڑھتی ہوں۔ اب سوال یہ ہے کہ اگر گھر کے کام کاج کی مصروفیت زیادہ ہونے یا کبھی غفلت کی وجہ سے نماز وقت پر ادا نہ ہو سکے تو کیا نماز کے بعد پڑھا جانے والا وظیفہ میں بعد میں پڑھ لیا کروں؟

**سائل: شجیعہ سلیمان، لاہور**

**جواب:**

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

ہر فرض نماز کو اپنے مقررہ وقت میں ادا کرنا ضروری ہے، اس لیے پوری کوشش کیا کریں کہ ہر نماز کی ادائیگی ہمیشہ اپنے وقت پر ہو، کبھی کوئی نماز (کسی شرعی عذر کے بغیر) قضا نہ ہو۔ یاد رکھیے کہ وظیفہ کی بہ نسبت نماز کی ادائیگی زیادہ اہم ہے، اس لیے اگر کبھی نماز فوت ہو جائے تو پہلی فرصت میں اس کی قضا کر لیا کریں، اس کے بعد وظیفہ پڑھا کریں۔

**واللہ اعلم بالصواب**

**27-جمادی الثانی 1443ھ**

**31-جنوری 2022ء**